کے درمیان ہے اور صورتِ حال بڑی نازک ! ـــــ اب یہ سوچنا عوام الناس کا کام ہے کہ وہ خدانخواستہ اپنا وزن ملک دشمنوں کے پلڑے میں ڈالیں گے ؟ـــ انہیں تقویت پہنچانے والوں کا ساتھ دیں گے ؟ ـــــ اور یا پھر ان کی حمایت اس شخص کے لیے ہوگی، جو اپنے ملک کو مضبوط دیکھنا چاہتا اور اسے خود کفیل بنانا چاہتا ہے ؟

اللّٰھم وفّق لنا لما تحبّ وترضیٰ ـــــ وما علینا الاّ البلاغ !

شعروادب

جناب فضل الرحمان فضلؔ

نعت

نام محمدؐ پیارا پیارا
اللہ کا ہے راج دلارا

نام ہے اللہ کا "محمود"
ہے وہی خالق اور معبود

نام پیمبر اس سے نکلا!
یعنی "محمدؐ" اللہ اللہ!

اللہ ہے خود آن میں یکتا
اور محمدؐ شان میں یکتا

اس کا احاطہ عقل کرے کیا
کام نہیں یہ اس کے بس کا

خِلقت میں وہ گرچہ بشر ہے
سارے جہاں میں افضل تر ہے

طبعِ سلیم ہے، اللہ اللہ!
حسن و خُلق میں ہے وہ یکتا

خود وہ شاہِ عرب و عجم ہے
سر اللہ کے آگے خم ہے

علم و فضل میں طاق اور ماہر
اللہ کی توصیف زباں پر

شب میں بھی مشغولِ عبادت
حق نے انہیں بخشی ہے فضیلت

فضلؔ کے دل میں ہے یہ حسرت
ہو جائے اس کی بھی شفاعت